نغمہ توحید

امجد علی نیر، ابو ظہبی

ہر سو اللہ ہر جا اللہ
لا الہ الا اللہ

احد احد کی ندا لگا باقی سب کو بھول جا
کسی کو اس کا ند نہ بنا ہم کفو کے چکر میں نہ آ
لم یلد ولم یولد کا ورد پکا
لا الہ الا اللہ

اس کی عبادت میں کسی کو نہ لا خالص اس کا بندہ بن جا
استعانت اسی سے چاہ دوسرے کسی در پہ نہ جا
تعظیمی سجدے سے باز آ
لا الہ الا اللہ

بندوں سے مانگتا ہے کیا وہ سنتا ہے تیری دعاء
شفاعت پر صرف تکیہ نہ لگا عمل صالح بھی کرتا جا
ہر مشکل حل کرتا ہے اللہ
لا الہ الا اللہ

دل میں ہو ایماں پیدا پھر اس پر استقامت دکھا
خوف و حزن کس چیز کا اصحاب اخدود کی سیرت اپنا
اللہ پہ توکل کرتا جا
لا الہ الا اللہ
نیر اسماء الحسنٰی دل میں سما
لا الہ الا اللہ